آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیچنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز منگل 17 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 222

برین ہیمرج اور دل کے دورے کا خطرہ

بروقت انصاف دیا جائے، عمران خان کا چیف جسٹس کو خط

بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل سے چیف جسٹس پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے نام خط لکھا ہے اور اپنی اور بشریٰ بی بی کی طبی حالت پر فوری توجہ اور انصاف کی فراہمی کی اپیل کی ہے

بانی پی ٹی آئی عمران خان نے خط میں لکھا کہ میری زندگی اور صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں، سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا، سپریم کورٹ نے مجھے دو روز میں شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل سے چیف جسٹس پاکستان، چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت اور چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے نام خط لکھا ہے اور اپنی اور بشریٰ بی بی کی طبی حالت پر فوری توجہ اور انصاف کی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نئے صوبوں کے قیام پر پیپلز پارٹی کے مؤقف میں کوئی تضاد نہیں: رضا ربانی

عوام کی امیدوں، امنگوں اور مختلف تحریکوں کی ترجمان ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں یا انتظامی اکائیوں کے قیام سے متعلق پیپلز پارٹی کا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن گورنمنٹ صادق عباس گریجویٹ کالج یونٹ کی تقریب حلف برداری

پروفیسر شہزاد احمد خان نے پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن گورنمنٹ صادق عباس گریجویٹ کالج یونٹ کے صدر اور دیگر عہدیداران نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھالیا تقریب کی صدارت پرنسپل پروفیسر شاہد حسین مغل نے کی جبکہ مدیر احسان احمد سحر مہمان خصوصی تھے

پرنسپل شاہد حسین مغل نے پی پی ایل اے لوکل یونٹ کے نومنتخب عہدیداران سے ان کے عہدوں کا حلف لیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت اساتذہ برادری کے وقار کی بلندی اور کالج کے تعلیمی ماحول کی بہتری میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی



ڈیرہ نواب صاحب: پرنسپل پروفیسر شاہد حسین مغل پنجاب پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن گورنمنٹ صادق عباس گریجویٹ کالج یونٹ کے نومنتخب صدر پروفیسر شہزاد احمد خان اور دیگر عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

ڈیرہ نواب صاحب (پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران صارم سے) گورنمنٹ صادق عباس گریجویٹ کالج، ڈیرہ نواب صاحب میں پنجاب پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے حالیہ انتخابات میں کامیاب ہونے والے متفقہ پینل (لوکل یونٹ) کے نومنتخب عہدیداران کی پروقار تقریب حلف برداری منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ممتاز سینئر صحافی، بانی جرنلسٹس الائنس پاکستان اور چیف ایڈیٹر روزنامہ "نوائے احمد پور شرقیہ" احسان احمد سحر تھے، جبکہ تقریب کی صدارت پرنسپل گورنمنٹ صادق عباس گریجویٹ کالج شاہد حسین مغل نے کی۔ تقریب میں نظامت کے فرائض پروفیسر ڈاکٹر سجاد علی نے سرانجام دیے۔ پرنسپل شاہد حسین مغل نے پنجاب پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن لوکل یونٹ کے نومنتخب عہدیداران سے ان کے عہدوں کا حلف لیا۔ حلف اٹھانے والے عہدیداران میں درج ذیل اساتذہ شامل ہیں: *صدر: پروفیسر شہزاد احمد خان *سینئر نائب صدر: پروفیسر شمائلہ یعقوب *نائب صدر: پروفیسر سید رب نواز * جنرل سیکرٹری: پروفیسر راشد رسول خان *فنانس سیکرٹری: پروفیسر ملک اعجاز الحق *جوائنٹ سیکرٹری) خاتون :(پروفیسر عندلیب کھوش * جوائنٹ سیکرٹری: پروفیسر عمیر رحمٰن *پریس سیکرٹری: پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران صارم اس موقع پر سابق پرنسپل پروفیسر شاہد سراج، پروفیسر چوہدری ظفر اقبال پروفیسر ڈاکٹر الطاف ڈاہر نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اساتذہ کے مسائل کے حل اور ادارے کی تعلیمی ترقی کے لیے نیک تمنا کا اظہار کیا۔ پرنسپل شاہد حسین مغل نے اپنے خطاب میں نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت اساتذہ برادری کے وقار کی بلندی اور کالج کے تعلیمی ماحول کی بہتری میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی۔ تقریب کے اختتام پر تمام شرکا کے اعزاز میں پرتکلف ریفریشمنٹ کا بھی اہتمام کیا گیا۔

ای بسز منصوبے پر عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

ڈپٹی کمشنر نے ای بسز منصوبے کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے جنرل بس اسٹینڈ بہاولپور کا دورہ کیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ شہریوں کو جدید، ماحول دوست اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ای بسز منصوبے پر عملی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے ای بسز منصوبے کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے جنرل بس اسٹینڈ بہاولپور کا دورہ کیا۔ اس موقع

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی آئینی عدالت نے پشاور ہائیکورٹ کو آئینی درخواستوں کی سماعت کی اجازت دے دی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد پشاور ہائیکورٹ کے آئینی اختیارات سے متعلق اپنا سابقہ حکم تبدیل کرتے ہوئے ہائیکورٹ کو آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت دیگر درخواستوں کی سماعت کی اجازت دے دی۔ چیف

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نئے صوبوں پر ریفرنڈم کی حمایت، ملتان، بہاولپور دونوں صوبے بننے چاہئیں، عبدالعلیم خان

جنوبی پنجاب میں 10 سال سے زیرالتواء سڑکوں کی این ایچ اے سے تعمیر و بحالی جاری ہے، وفاقی وزیر مواصلات کا دورہ ملتان، شاہراہوں کا معائنہ، سردار ایاز خان نیازی کی تیمارداری

ملتان (سی ایم لنکس) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ہمارا موقف بالکل واضح ہے، ملتان اور بہاولپور سمیت پنجاب میں نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار سے وابستہ برآمد کنندگان کے وفد کی ملاقات

درمیانے و چھوٹے کاروبار کے فروغ کیلئے چار شہروں میں سہولت سینٹر قائم کرنے کی منظوری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار سے وابستہ برآمد کنندگان کے وفد نے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تجاوزات کے خاتمے کے بعد سڑک کو جدید تقاضوں کے مطابق اسٹیٹ آف دی آرٹ روڈ بنایا جائیگا

جس سے شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور بہترین سفری سہولیات میسر آئیں گی، کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ بہاولپور میں سڑکوں کے انفراسٹرکچر کی بہتری، شہریوں کو محفوظ، معیاری اور پائیدار سفری سہولیات کی فراہمی اور ٹریفک کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے ترقیاتی اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ اس سلسلے میں کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صادق پبلک سکول بہاول پور میں گرینڈ اسمبلی

مختلف نصابی، ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات، سندات اور تمغہ جات تقسیم کیے گئے



بہاولپور (پ ر) صادق پبلک سکول بہاول پور میں گرینڈ اسمبلی ایمفی تھیٹر میں منعقد ہونے والی گرینڈ اسمبلی میں مختلف نصابی، ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں انعامات، سندات اور تمغہ جات تقسیم کیے گئے۔ اس پروقار تقریب میں ملک کے طول و عرض میں منعقد ہونے والے ذولسانی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سالک حسین کا مریم نواز کو قانونی جواب، 2 نوٹس بھی بھجوا دیئے

انہوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز اور وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری کو بھی ہتک عزت کے قانونی نوٹس بھجوانے کا اعلان کیا ہے

وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں دونوں قانونی نوٹس بھجوانے کی تصدیق کی، تاہم انہوں نے ان نوٹسز کے مندرجات، ہرجانے کی رقم یا اپنے الزامات کی تفصیلات بیان نہیں کیں



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل چودھری سالک حسین نے پنجاب میں کرپشن کے الزامات پر وزیراعلیٰ مریم نواز کی جانب سے بھیجے گئے 5 ارب روپے کے ہرجانے کے قانونی نوٹس

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت اہم اجلاس

جاری ترقیاتی منصوبوں اور نئی توانائی کے اقدامات کا جائزہ

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت اور معیار غیر گفت و شنید کی ترجیحات میں رہیں گے، صوبائی وزیر توانائی

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر برائے توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت محکمہ توانائی کا ایک اہم اجلاس ہوا جس میں پنجاب بھر

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مدیر احسان احمد سحر کی قاضی عدنان فرید خوش دامن کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی

اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور قاضی عدنان فرید کی اہلیہ محترمہ اور سوگوار خاندان کے دیگر افراد کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے، مدیر کی دعا



احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) مدیر روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ احسان احمد سحر نے مسلم لیگ ن کے سابق رکن صوبائی اسمبلی قاضی عدنان فرید سے ان کی اقامت گاہ پر ملاقات کی اور ان کی خوش دامن بیوہ خواجہ قدیر احمد کے کراچی میں انتقال پر

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تعلیمی ادارے بھی نوجوان نسل کو برداشت، احترام اور محبت کے اصول سکھائیں

دین اسلام پرامن رہنے اور رواداری اختیار کرنے کا درس دیتا ہے، مریم نواز

معاشرے میں عدم برداشت کے رویوں کے سدباب کیلئے مثبت سوچ اور بہترین طرز عمل اپنانا ہوگا

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ رواداری، احترام اور برداشت کامیاب اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ پاکستان کو امن، رواداری اور بھائی چارے کی مثال بنانا ہوگا۔ لوگوں کے درمیان باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے رواداری کو فروغ دینا وقت کا تقاضا ہے۔ برداشت اور رواداری کے فروغ کے عالمی دن پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ تعلیمی ادارے بھی نوجوان

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور میں سائنسی جدت کا شاندار مظاہرہ

تھری ڈی ماڈل مقابلے کا انعقاد، طلبا کی تخلیقی صلاحیتوں اور تحقیقی مہارتوں نے حاضرین کو متاثر کر دیا

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور میں شعبہ فارماکولوجی کے زیر اہتمام گزشتہ روز سائنسی تھری ڈی ماڈل مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس میں میڈیکل کالج کے طلبا نے بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کرتے ہوئے اپنی غیر معمولی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی مہارتوں اور تحقیقی سوچ کا متاثر کن مظاہرہ کیا۔ مقابلے میں طلبا کی جانب سے تیار کردہ تھری

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



اوچ شریف: قائداعظم میڈیکل کالج بہاولپور میں سائنسی تھری ڈی ماڈل مقابلے کا انعقاد، طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں، سائنسی مہارتوں اور تحقیقی جدت کا شاندار مظاہرہ۔

اسلام آباد ہائیکورٹ نے بری امام ہاؤس سے متعلق بڑا فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بری امام ہاؤس سے متعلق بڑا فیصلہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران امریکا تنازع کا حل دھمکیوں اور فوجی کارروائیوں میں نہیں: عباس عراقچی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران، امریکا تنازع کا حل دھمکیوں اور فوجی کارروائیوں میں نہیں، سفارت کاری اور مذاکرات کے ذریعے ایران، امریکا تنازع کا خاتمہ ممکن ہے۔ ایرانی وزیر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مدیر احسان احمد سحر کی نمائندہ جنگ چوہدری محمد اکرم کو

ان کے دو صاحبزادوں کی شادی خانہ آبادی پر مبارکباد

مدیر احسان احمد سحر اپنی طبیعت خراب ہونے کے باعث چوہدری محمد اکرم کے صاحبزادگان کی خوشی میں منعقدہ دعوت ولیمہ شریک نہیں ہو سکے تھے

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) مدیر روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ و بانی جرنلسٹس الائنس پاکستان احسان احمد سحر روزنامہ جنگ کے نمائندے چوہدری محمد اکرم کی اقامت گاہ پر گئے جہاں انہوں نے انہیں ان کے دو صاحبزادوں عذیر اکرم اور عمیر اکرم کی شادی خانہ آبادی پر دلی مبارکباد دی اور نو بیاہتا جوڑوں کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ خیال رہے کہ چوہدری محمد اکرم نے اپنے دونوں صاحبزادگان کی شادی خانہ آبادی کی خوشی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نئے انتظامی یونٹس وصوبوں کا قیام ملکی ترقی واستحکام کیلئے ضروری ہے

چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

کراچی (سی ایم لنکس) چیئرمین متحدہ قومی موومنٹ پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ نئے انتظامی یونٹس اور آبادی کے تناسب سے صوبوں کا قیام ملکی ترقی واستحکام کے لیے ضروری ہے۔ کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی وفاق کو 66 فیصد اور سندھ کو 97 فیصد ریونیو فراہم کرتا ہے، اس شہر کو بنیادی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سرکاری اداروں کو خودکفیل بنانے کیلئے مؤثر نظام لانا چاہتے ہیں: فیصل کریم کنڈی

ورکرز ویلفیئر بورڈ کی رہائشی سہولیات کا بنیادی مقصد محنت کش طبقے کو فائدہ پہنچانا ہے

پشاور (سی ایم لنکس) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سرکاری اداروں کو خودکفیل بنانے کیلئے مؤثر نظام لانا چاہتے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی کی زیر صدارت ورکرز ویلفیئر بورڈ سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مشیر قانون ومحنت عامر جاوید، سیکرٹری محکمہ محنت عبدالباسط سمیت دیگر متعلقہ افسران نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بشریٰ بی بی کی ہسپتال منتقل کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر

بشریٰ بی بی نے لطیف کھوسہ اور بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سے جیل ملاقات کے بعد بڑی پیش رفت سامنے آگئی، بشریٰ بی بی کو علاج کے لیے ہسپتال منتقل کرنے کی اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ بشریٰ بی بی نے لطیف کھوسہ اور بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ درخواست میں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی کا چیف جسٹس صاحبان کو خط این آر او کی درخواست ہے

وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے جیل سے چیف جسٹس صاحبان کو جو خط لکھا ہے وہ حقائق کے منافی ہے، یہ خط دراصل این آر او کی درخواست ہے، دوسروں کو این آر او کا طعنہ دینے والے آج خود اس کے طلبگار ہیں۔ پارلیمنٹ چیمبر میں میڈیا سے گفتگو کرتے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امیر تبلیغی جماعت حضرت مولانا نذر الرحمٰن انتقال کر گئے

مولانا نذر الرحمٰن صاحب 2018 سے امیر تبلیغی جماعت کے منصب پر فائز تھے، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی ایرانی، تاجکستانی وزرائے خارجہ سے ملاقات

کراچی (سی ایم لنکس) امیر تبلیغی جماعت استاذ الحدیث واستاذ العلماء امام التصوف، حضرت مولانا نذر الرحمٰن صاحب انتقال کر گئے۔ مولانا نذر الرحمٰن صاحب 2018 سے امیر تبلیغی جماعت کے منصب پر فائز تھے، مرحوم مولانا نذر الرحمٰن صاحب کا آبائی تعلق تحصیل وضلع راولپنڈی کے دو

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اتفاق شوگر ملز 22 نومبر سے کرشنگ کا آغاز کرے گی

کاشتکار منظور شدہ اقسام کا صاف ستھرا اور کھوری سے پاک گنا ملز میں لائیں، جنرل منیجر کین محمد نعیم کھرل



چنی گوٹھ (نامہ نگار) اتفاق شوگر ملز چنی گوٹھ کے جنرل منیجر کین محمد نعیم کھرل نے کہا ہے کہ حکومتی احکامات کے مطابق اتفاق شوگر ملز میں 22 نومبر سے کرشنگ سیزن کا باقاعدہ آغاز کر دیا جائے گا۔ ملز انتظامیہ نے کرشنگ سیزن کے آغاز کے حوالے سے تیاریاں مکمل کر لی ہیں اور کاشتکاروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ گنے کی سپلائی کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کریں تاکہ کرشنگ کا عمل بلاتعطل جاری رکھا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مقامی بزنس مین مہر عابد حسین کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چنی گوٹھ: جنرل منیجر کین محمد نعیم کھرل مقامی بزنس مین مہر عابد حسین کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

آروائی کے شوگر ملز رکن آباد کاز میندار دوست اقدام

شمس نہر پر پل تعمیر کروا دیا، زمینداروں کا دیرینہ مطالبہ پورا

آروائی کے شوگر ملز کی انتظامیہ زمینداروں کو محض گنے کے کاشتکار نہیں بلکہ اپنا قابل احترام شراکت دار سمجھتی ہے، جی ایم کین ندیم حیدر چوہدری

جن پور (نامہ نگار) آروائی کے شوگر ملز رکن آباد کا زمیندار دوست اقدام، شمس نہر پر پل تعمیر کروا دیا زمینداروں کا دیرینہ مطالبہ پورا آروائی کے شوگر ملز رکن آباد جن پور کی انتظامیہ نے زمینداروں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ایک اور عملی قدم اٹھاتے ہوئے موضع رندان لبستی مہر محمد اسماعیل سیال میں شمس نہر پر پل تعمیر کروا دیا، جس سے مقامی زمینداروں کو آمدورفت اور گنے کی ترسیل میں نمایاں سہولت میسر آئے گی پل کی تعمیر سے علاقہ مکینوں اور کاشتکاروں کا دیرینہ مطالبہ بھی پورا ہو گیا پل کا افتتاح جی ایم ملز میاں بقا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جے ایس تائیکوانڈو مارشل آرٹس کلب بہاولپور نے ملتان میں منعقدہ فرسٹ شیروز انٹر کلب تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں 10 میڈلز حاصل کر لیے

شاندار کامیابی میں 3 گولڈ، 5 سلور، ایک پومزے سلور اور ایک برانز میڈل شامل ہیں کلب کے سربراہ و ہیڈ کوچ ماسٹر جاوید بشیر کی کامیاب کھلاڑیوں کو مبارکباد

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) جے ایس تائیکوانڈو مارشل آرٹس کلب بہاولپور کے باصلاحیت کھلاڑیوں نے ملتان میں منعقدہ فرسٹ شیروز انٹر کلب تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواتے ہوئے 10 میڈلز حاصل کر لیے۔ شاندار کامیابی میں 3 گولڈ، 5 سلور، ایک پومزے سلور اور ایک برانز میڈل شامل ہیں۔ کھلاڑیوں کی اس نمایاں کارکردگی پر کھیلوں کے حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی جبکہ بہاولپور کا نام بھی روشن ہوا۔ تفصیلات کے مطابق 15 نومبر 2026 کو ملتان میں منعقد ہونے والی فرسٹ شیروز انٹر کلب تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں جے ایس تائیکوانڈو مارشل آرٹس کلب بہاولپور کے کھلاڑیوں نے مختلف کیٹیگریز میں بھرپور جوش،

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملتان تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں جے ایس کلب بہاولپور کی شاندار کامیابی، 3 گولڈ سمیت 10 میڈلز جیت کر بہاولپور کا نام روشن کر دیا۔

حاصل پور محکمہ زراعت پنجاب کا ایلومینیم فاسفائیڈ کی گولیوں کی غیر قانونی فروخت اور غیر محفوظ ذخیرہ کے خلاف کریک ڈاؤن

گندم کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے استعمال ہونے والی ایلومینیم فاسفائیڈ کی گولیاں انتہائی زہریلی اور جان لیوا ہیں

اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن حاصل پور حمید اللہ خان شیروانی

حاصل پور (نامہ نگار) محکمہ زراعت پنجاب نے ایلومینیم فاسفائیڈ کی گولیوں کی غیر قانونی فروخت اور غیر محفوظ ذخیرہ کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرتے ہوئے دکانداروں اور پیسٹی سائیڈز ڈیلرز کو سخت ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر پلانٹ پروٹیکشن حاصل پور حمید اللہ خان شیروانی کے مطابق گندم کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کے لیے استعمال ہونے والی ایلومینیم فاسفائیڈ کی گولیاں انتہائی زہریلی اور جان لیوا ہیں۔ ان کے غلط استعمال کے باعث ہر سال متعدد افراد، خصوصاً نوجوان اور خواتین، اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ تحقیقات میں متعدد واقعات میں یہ بات بھی

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

صفحہ نمبر 01

فراہمی کی اپیل کی ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان نے خط میں لکھا کہ میری زندگی اور صحت کو شدید خطرات لاحق ہیں، سپریم کورٹ کے 18 اگست 2026 کے حکم پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا، سپریم کورٹ نے مجھے دوروز میں شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ خط میں کہا گیا کہ میری طبی جانچ کے لیے ماہر امراض قلب اور ماہر امراض چشم پر مشتمل میڈیکل بورڈ بنانے کا حکم بھی دیا گیا تھا، اڈیالہ جیل میں مجھے روزانہ 22 گھنٹے تک تنہائی میں رکھا جاتا ہے، مجھے اہل خانہ، وکلا، کتابوں اور ٹیلی ویژن سے محروم رکھا گیا، رواں سال مجھے اپنے وکلا سے صرف چار مرتبہ ملاقات کی اجازت دی گئی۔ بانی نے بتایا کہ بشریٰ بی بی کو بھی رواں سال اپنے وکلا سے صرف ایک مرتبہ ملاقات کی اجازت دی گئی، بشریٰ بی بی کو ٹیلی ویژن کی سفارش کی تھی۔ عمران خان نے خط میں بتایا کہ جیل انتظامیہ نے میڈیکل بورڈ کی سفارشات پر عملدرآمد نہیں کیا، میری دائیں آنکھ کی 85 فیصد بینائی ختم ہو چکی ہے، فروری 2026 میں میرے وکیل نے ملاقات کے دوران میری دائیں آنکھ کی بینائی میں 85 فیصد کمی کی نشاندہی کی تھی۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اپریل 2026 میں بشریٰ بی بی کی آنکھ کا پردہ متاثر ہوا اور ان کی پیچیدہ سرجری کی گئی، بشریٰ بی بی کی بینائی کو مستقل نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، انہیں فوری دوسری سرجری کی ضرورت ہے، بشریٰ بی بی کے میڈیکل ریکارڈ فراہم نہیں کیے جارہے اور ان کے ڈاکٹروں تک رسائی بھی روکی جارہی ہے۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ میری اہلیہ کی صحت اور بینائی کے حوالے سے شدید تشویش ہے، اڈیالہ جیل میں تنہائی کے باعث میرا بلڈ پریشر خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے، گزشتہ ہفتے میرا بلڈ پریشر 192 اور 193 تک پہنچ گیا تھا، ڈاکٹروں کے مطابق مجھے برین ہیمرج اور دل کے دورے کا شدید خطرہ ہے۔ خط کے مطابق میرا دل پہلے ہی متاثر ہو چکا ہے، میں نے ہمیشہ اپنے خلاف مقدمات کا سامنا عدالتوں میں کیا اور قانون کا راستہ اختیار کیا، میں نے کبھی طبی بنیادوں پر ریلیف لینے کی کوشش نہیں کی، میری اپیلیں زیرالتوا ہیں جبکہ طبی صورتحال اور بنیادی حقوق کے معاملات نظرانداز ہو رہے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کے مطابق القادر اپیل کو پرانی اپیلوں سے پہلے سماعت کے لیے مقرر کیا جارہا ہے، میری صحت، میری اہلیہ کی بینائی اور سپریم کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد کو ترجیح نہیں دی جارہی، جیل مینول، جیل قواعد اور آئینی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنی زندگی اسپتال بنانے اور غریبوں کو مفت علاج فراہم کرنے کے لیے وقف کی، آج میں اپنے اور اپنی اہلیہ کے لیے صرف طبی علاج اور انصاف کا مطالبہ کررہا ہوں، میں کوئی خصوصی رعایت نہیں چاہتا، صرف سپریم کورٹ کے احکامات پر عملدرآمد اور مناسب طبی سہولیات فراہم کی جائیں، زندہ رہوں گا تو ہی اپنی بے گناہی ثابت کرسکوں گا۔ بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ چیف جسٹس صاحبان سے اپیل ہے کہ دیر ہونے سے پہلے مجھے انصاف فراہم کیا جائے۔

صفحہ نمبر 02

مؤقف واضح ہے اور اس میں کوئی تضاد نہیں۔ ایک بیان میں میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوام کی جماعت ہے اور عوام کی امیدوں، امنگوں اور مختلف تحریکوں کی ترجمان ہے، پیپلز پارٹی آئین کے آرٹیکل 239 (4) کے تحت صوبے کے عوام کی مرضی کو عملی شکل دینے کی حامی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ کے عوام صوبے کی جغرافیائی حدود میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کو مسترد کرچکے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ریفرنڈم کا نتیجہ کچھ بھی ہو، آئین کے آرٹیکل 239 (4) کی دفعات کا اطلاق بہرحال ہوگا۔ رضا ربانی نے یہ بھی کہا کہ کسی بھی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے معاملے پر صدر کی توثیق سے قبل متعلقہ صوبائی اسمبلی سے 2 تہائی اکثریت کے ساتھ منظوری حاصل کرنا لازمی ہوگا۔

صفحہ نمبر 03

حسن رضا نے قطعہ العارہ چوک سے سدرن بائی پاس ششماہی نہر تک نئی سڑک کی تعمیر کے منصوبے پر پیش رفت کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا بتایا کہ منصوبے کے تحت 3.50 کلومیٹر طویل سڑک کو دو رویہ بنانے کے لیے 1074.377 ملین روپے کی منظوری دی گئی ہے، جبکہ مالی سال 2026-27 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں منصوبے کے لیے 10 ملین روپے مختص کیے گئے ہیں۔ منصوبے کی تکمیل کے لیے سرکاری اراضی کی نشاندہی اور اسے واگزار کرا کے حکومتی تحویل میں لینے کے اقدامات بھی جاری ہیں۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ منصوبے کے تمام تکنیکی اور انتظامی امور بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ تعمیراتی کام کے آغاز اور تکمیل میں غیر ضروری تاخیر سے بچا جا سکے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی، محکمہ ہائی ویز اور کنٹونمنٹ بورڈ کی مشترکہ ٹیموں کو سڑک کے مجوزہ روٹ اور اطراف کا سروے کرنے، سرکاری اراضی کی نشاندہی اور تمام تجاوزات فوری طور پر ختم کرانے کی ہدایت کی۔ کمشنر نے واضح کیا کہ سڑک کے راستے میں موجود تجاوزات اور دیگر رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کر کے متاثرہ مقامات واگزار کروائے جائیں تاکہ تعمیر و بحالی کا کام بلا تاخیر شروع کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ تجاوزات کے خاتمے کے بعد سڑک کو جدید تقاضوں کے مطابق اسٹیٹ آف دی آرٹ روڈ بنایا جائے گا، جس سے شہریوں کو محفوظ، آرام دہ اور بہترین سفری سہولیات میسر آئیں گی اور ٹریفک کی روانی میں بھی بہتری آئے گی۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت منصوبے پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تعمیراتی مراحل میں منظور شدہ ڈیزائن اور مقررہ معیار پر ہرصورت عملدرآمد کیا جائے، تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ منصوبے کی پیش رفت کی باقاعدگی سے نگرانی، مؤثر کوآرڈینیشن اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔ کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، شفافیت اور معیاری تعمیرات کے ذریعے شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی، ایس ای ہائی ویز راؤ دلشاد احمد، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، ایکسیئن ہائی ویز اصغر علی سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

صفحہ نمبر 04

ملاقات کی۔ ملاقات میں ایسے کاروبار کے فروغ کے لیے حکومت کی جانب سے اقدامات کی پیش رفت اور ان کے مسائل پر گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کسی بھی ملک کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، برآمدات میں اضافے کے لیے ایسے کاروبار کو سہولیات مہیا کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، آج کی ملاقات کا سب سے اہم مقصد پاکستانی چھوٹے اور درمیانے کاروبار کرنے والوں کے لیے، ایکسپورٹ میں آسانی پیدا کرنا ہے۔ اس ضمن میں عوام میں کاروبار قائم کرنے کے حوالے سے آگاہی بڑھانے کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں۔ وزیراعظم نے ڈسٹرکٹ کی سطح پر ایس ایم ای سہولت سینٹر کی منظوری دی۔ ایس ایم ای سہولت سینٹرز کے پائلٹ پراجیکٹ لاہور، پشاور، کراچی اور کوئٹہ میں قائم کرنے کی ہدایت ان سہولت سینٹرز کی کامیابی کے بعد انہیں بتدریج تمام اضلاع میں قائم کیا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ شہریوں کو کاروبار قائم کرنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جاسکے۔ وزیراعظم نے جلد خراب ہونے والی اشیاء (Goods Perishable) کو برآمد کرنے کے لیے کولڈ اسٹوریج کا پائیدار نظام قائم کرنے کے حوالے سے لائحہ عمل جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایکسپورٹ فائنانس اسکیم میں ایس ایم ای سیکٹر اور نئے ایکسپورٹرز کے لیے 300 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں، مختص کردہ رقم صرف چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (SMEs) کے لیے مخصوص ہوگی، اس ضمن میں ایگزم بنک نے سرکلر جاری کردیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی برآمدات کے فروغ اور مقامی صنعتوں کو برآمدی معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان اور اسمیڈا کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وفد کے شرکاء نے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کو فروغ دینے کے لیے حکومت کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کو سراہا اور ایسے کاروبار کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے تجاویز پیش کیں۔ وزیراعظم نے وفد کی جانب سے دی گئی قابل عمل تجاویز پر غور کرنے کے لئے کمیٹی تشکیل دے دی جو ان پر عمل درآمد کے حوالے سے وزیراعظم کو رپورٹ پیش کرے گی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطااللہ تارڑ، شزا فاطمہ خواجہ، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر، گورنر اسٹیٹ بینک، چیئرمین ایس ای سی پی اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

صفحہ نمبر 05

ضرورت ہے اور اس مقصد کے لیے ریفرنڈم کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کے بغیر عام ای ڈی کے مسائل کا حل اور عوام کی موثر دادرسی ممکن نہیں، جب تک نئے صوبے قائم نہیں ہوں گے عام شہریوں کو مطلوبہ ریلیف فراہم نہیں کیا جا سکتا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام اگر ریفرنڈم میں نئے صوبوں کے حق میں ووٹ دیتے ہیں تو یہ خوش آئند ہوگا اور نئے صوبوں کے قیام سے کسی کو اپنی حکمرانی یا بادشاہت کے متاثر ہونے کا خدشہ نہیں ہونا چاہیے، بادشاہت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے، کسی انسان کی نہیں۔ عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ جنوبی پنجاب میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی بھرپور طریقے سے ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے، لودھراں ملتان ایکسپریس وے کی تعمیر اور تزئین و آرائش جاری ہے جبکہ لودھراں ملتان ایکسپریس وے اور این-5 کے درمیان گرین بیلٹ اور جدید لائٹنگ کی تنصیب کی ہدایات بھی جاری کردی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے مظفرگڑھ، میانوالی روڈ کی تعمیر پر بھی کام کیا جارہا ہے جبکہ لیہ تونسہ پل کے ساتھ رابطہ سڑکوں کی تعمیر بھی جاری ہے جو گزشتہ 10 برسوں سے زیرالتواء تھی، اب ان منصوبوں پر دیر پا اور معیاری کام یقینی بنائیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان کے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے لودھراں ایکسپریس وے کا دورہ کیا اور این 5 پر اس شاہراہ کی بحالی و تزئین و آرائش کے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری مواصلات اور چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے وفاقی وزیر مواصلات کو منصوبے پر پیش رفت، تعمیراتی سرگرمیوں اور مختلف حصوں میں جاری کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ ایکسپریس وے کی بحالی کا کام تیزی سے مکمل کر کے دونوں اطراف معمول کی ٹریفک بحال کی جائے جبکہ تعمیراتی کاموں میں معیار اور پائیداری کو ہرصورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں ماضی کی تعمیراتی خامیوں کو بھی دور کیا جائے اور سڑک کی بحالی کے بعد دونوں اطراف یکساں لائٹنگ کو بھی یقینی بنایا جائے۔ وفاقی وزیر مواصلات کہا کہ ملتان سے لودھراں تک 51 کلومیٹر طویل یہ اہم شاہراہ گزشتہ دس برس سے زیرالتواتھی، جسے اب جلد سے جلد مکمل کیا جائے گا۔ منصوبے کے تحت 22 اور 29 کلومیٹر طویل دو مختلف سیکشنز پر کام جاری ہے جبکہ ایکسپریس وے کی بحالی پر مجموعی طور پر 2 ارب 190 ملین روپے لاگت کا تخمینہ ہے، عبدالعلیم خان نے کہا کہ ماضی میں منصوبے کی منصوبہ بندی اور تعمیراتی معیار میں خامیاں رہ گئی تھیں، انہوں نے مزید کہا کہ جنوبی پنجاب کی شاہراہوں کی بہتری اور عوام کو محفوظ و معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے این ایچ اے اپنے وسائل بروئے کار لا رہا ہے اور تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ دریں اثناء صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان ملتان کے مقامی ہسپتال پہنچے جہاں انہوں نے پارٹی رہنما اور ٹکٹ ہولڈر ایاز خان نیازی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر عبدالعلیم خان نے ایاز خان نیازی کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اچ پ کے ٹریفک حادثے کا سن کر دلی دکھ اور افسوس ہوا، میری نیک تمنائیں اور دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایاز خان نیازی جلد صحت یاب ہو کر معمول کی زندگی اور سیاسی سرگرمیوں میں واپس آئیں گے۔ اس موقع پر ایاز خان نیازی نے صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان کی ہسپتال اچ مد، عیادت اور نیک تمناؤں پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حادثے کے بعد موٹروے پولیس نے شاندار فرض شناسی اور فوری ریسپانس کا مظاہرہ کیا، جس پر وہ موٹروے پولیس کے کردار کو سراہتے ہیں۔

صفحہ نمبر 06

جسٹس عامر فاروق پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سماعت کی، عدالت نے پی ٹی آئی کی درخواست منظور کرتے ہوئے 5 نومبر کے حکم امتناع میں ترمیم کردی۔ وکیل بیرسٹر گوہر نے دلائل دیے کہ 5 نومبر کے اچ ئینی عدالت کے حکم سے پشاور ہائیکورٹ کی کارروائی متاثر ہوئی ہے اور وکلاء کی پریکٹس بھی رک گئی ہے۔ آئینی عدالت نے ریمارکس دیے کہ عدالت حکم امتناع گورنر راج اور ایم پی او سے متعلقہ معاملات پر تھا، پشاور ہائیکورٹ دیگر آرٹیکل 199 کے مقدمات سن سکتی ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ آرٹیکل 245 کی آسان ریڈنگ کے مطابق تو آرٹیکل 199 کے مقدمات نہیں سنے جاسکتے، اگر آرٹیکل 245 کی پلین ریڈنگ پر جائے تو سارا عدالتی سسٹم جام ہوجائے۔ عدالت نے پشاور بار کونسل کو فریق بننے کی اجازت دے دی۔ بیرسٹر گوہر نے استدعا دی کہ ہمیں تھری ایم پی او تحت بھی ریلیف دیں، ابھی تک خیبر پختونخوا نے بتایا کہ ریویو بورڈ نہیں بنا، ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا نے بتایا ضرورت ہے اور اس مقصد کے لیے ریفرنڈم کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کے بغیر عام اچ ڈی کے مسائل کا حل اور عوام کی موثر اچ ڈی ممکن نہیں، جب تک نئے صوبے قائم نہیں ہوں گے عام شہریوں کو مطلوبہ ریلیف فراہم نہیں کیا جا سکتا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام اگر ریفرنڈم میں نئے صوبوں کے حق میں ووٹ دیتے ہیں تو یہ خوش آئند ہوگا اور نئے صوبوں کے قیام سے کسی کو اپنی حکمرانی یا بادشاہت کے متاثر ہونے کا خدشہ نہیں ہونا چاہیے، بادشاہت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے، کسی انسان کی نہیں۔ عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ جنوبی پنجاب میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی بھرپور طریقے سے ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے، لودھراں ملتان ایکسپریس وے کی تعمیر اور تزئین و آرائش جاری ہے جبکہ لودھراں ملتان ایکسپریس وے اور این-5 کے درمیان گرین بیلٹ اور جدید لائٹنگ کی تنصیب کی ہدایات بھی جاری کردی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے مظفرگڑھ، میانوالی روڈ کی تعمیر پر بھی کام کیا جارہا ہے جبکہ لیہ تونسہ پل کے ساتھ رابطہ سڑکوں کی تعمیر بھی جاری ہے جو گزشتہ 10 برسوں سے زیرالتواء تھی، اب ان منصوبوں پر دیرپا اور معیاری کام یقینی بنائیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملتان کے دورے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے لودھراں ایکسپریس وے کا دورہ کیا اور این 5 پر اس شاہراہ کی بحالی و تزئین و آرائش کے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکرٹری مواصلات اور چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے وفاقی وزیر مواصلات کو منصوبے پر پیش رفت، تعمیراتی سرگرمیوں اور مختلف حصوں میں جاری کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ ایکسپریس وے کی بحالی کا کام تیزی سے مکمل کر کے دونوں اطراف معمول کی ٹریفک بحال کی جائے جبکہ تعمیراتی کاموں میں معیار اور پائیداری کو ہرصورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے میں ماضی کی تعمیراتی خامیوں کو بھی دور کیا جائے اور سڑک کی بحالی کے بعد دونوں اطراف یکساں لائٹنگ کو بھی یقینی بنایا جائے۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ ملتان سے لودھراں تک 51 کلومیٹر طویل یہ اہم شاہراہ گزشتہ دس برس سے زیرالتواتھی، جسے اب جلد سے جلد مکمل کیا جائے گا۔ منصوبے کے تحت 22 اور 29 کلومیٹر طویل دو مختلف سیکشنز پر کام جاری ہے جبکہ ایکسپریس وے کی بحالی پر مجموعی طور پر 2 ارب 190 ملین روپے لاگت کا تخمینہ ہے، عبدالعلیم خان نے کہا کہ ماضی میں منصوبے کی منصوبہ بندی اور تعمیراتی معیار میں خامیاں رہ گئی تھیں، انہوں نے مزید کہا کہ جنوبی پنجاب کی شاہراہوں کی بہتری اور عوام کو محفوظ و معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے این ایچ اے اپنے وسائل بروئے کار لا رہا ہے اور تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ دریں اثناء صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان ملتان کے مقامی ہسپتال پہنچے جہاں انہوں نے پارٹی رہنما اور ٹکٹ ہولڈر ایاز خان نیازی کی عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر عبدالعلیم خان نے ایاز خان نیازی کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اچ پ کے ٹریفک حادثے کا سن کر دلی دکھ اور افسوس ہوا، میری نیک تمنائیں اور دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایاز خان نیازی جلد صحت یاب ہو کر معمول کی زندگی اور سیاسی سرگرمیوں میں واپس آئیں گے۔ اس موقع پر ایاز خان نیازی نے صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان کی ہسپتال اچ مد، عیادت اور نیک تمناؤں پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ حادثے کے بعد موٹروے پولیس نے شاندار فرض شناسی اور فوری ریسپانس کا مظاہرہ کیا، جس پر وہ موٹروے پولیس کے کردار کو سراہتے ہیں۔

صفحہ نمبر 07

پر ڈپٹی کمشنر کوای بسز ڈپو کے قیام، مجوزہ مقام، تعمیراتی امور، انفراسٹرکچر اور دیگر ضروری انتظامات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے مجوزہ مقام کا معائنہ کرتے ہوئے ڈپو کے قیام کے لیے درکار تکنیکی ضروریات اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ ای بسز ڈپو کے قیام اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے باہمی رابطے اور تعاون کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام انتظامی اور تعمیراتی امور مقررہ معیار اور طے شدہ تقاضوں کے مطابق جلد مکمل کیے جائیں تاکہ منصوبے پر عملی پیش رفت میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ای بسز کی پارکنگ، چارجنگ انفراسٹرکچر اور دیگر معاون سہولیات کی دستیابی کو ہر لحاظ سے یقینی بنایا جائے اور ڈپو کے قیام سے متعلق تمام ضروری تقاضے بروقت پورے کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید الیکٹرک بس سروس کا بنیادی مقصد شہریوں کو ماحول دوست، آرام دہ، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے سے نہ صرف شہریوں کو جدید پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت میسر آئے گی بلکہ ماحول کو آلودگی سے پاک رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔ دورے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی اقرا مبین، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن، ایکسین ہائی ویز، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی، پروجیکٹ ڈائریکٹر پی ٹی سی اور سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر ہیرا فورس سٹی مختصی منظور بھی موجود تھے۔

صفحہ نمبر 08

تقریری مقابلوں اور دیگر ہم نصابی، سائنسی اور تعلیمی سرگرمیوں میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات میں سندات اور انعامات تقسیم کیے گئے۔ میٹرک، او لیول اور اے ایس لیول میں نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو سرٹیفکیٹ دیے گئے۔ اس کے علاوہ مختلف ہاسز کے طلبہ اور طالبات کو سال 27-2026 کے لیے پریفیکٹ مقرر کیا گیا۔ تقریب کے آخر میں سال 27-2026 کے لیے سرسید ہاس کے برہان اکبر کو ہیڈ بوائے جب کہ محمود ہاس کے رستم خان اور انور سکندر ہاس کے روحان عبداللہ کو ڈپٹی ہیڈ بوائے مقرر کیا گیا۔ اسی طرح طالبات میں فاطمہ ہاس کی آمنہ احمد کو ہیڈ گرل جب کہ فیرل ہاس کی میرب فاطمہ اور خدیجہ ہاس کی علینہ قریشی کو ڈپٹی ہیڈ گرلز مقرر کیا گیا۔ مزید براں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور میں 46 ویں کل پاکستان ذولسانی تقریری مقابلے میں صادق پبلک سکول بہاول پور کی دو ٹیموں نے شرکت کی۔ اس مقابلے میں بختاور امجد نے حوصلہ افزائی کا انعام حاصل کیا۔

صفحہ نمبر 09

کا جواب جمع کرا دیا۔ انہوں نے مریم نواز اور وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری کو بھی ہتک عزت کے قانونی نوٹس بھجوانے کا اعلان کیا ہے۔ چودھری سالک حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب کے قانونی نوٹس کا تحریری جواب اپنے وکیل کے ذریعے ارسال کیا ہے، تاہم جواب میں اختیار کیا گیا قانونی مقف اور پیش کیے گئے دلائل تاحال سامنے نہیں آئے۔ وفاقی وزیر نے 6 نومبر کو قانونی نوٹس موصول ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا تھا کہ وہ اس کا جواب دیں گے۔ 11 نومبر کو ان کا کہنا تھا کہ جواب تیار کرلیا گیا ہے اور اسے چند روز میں منظر عام پر لایا جائے گا، اب انہوں نے باضابطہ طور پر نوٹس کا جواب بھجوا دیا ہے۔ دوسری جانب چودھری سالک حسین نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ انہوں نے اپنے قانونی مشیر کے ذریعے ہتک عزت کے 2 قانونی نوٹس بھی ارسال کیے ہیں، جن میں سے ایک وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور دوسرا عظمیٰ زاہد بخاری کو بھجوایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے اپنے بیان میں دونوں قانونی نوٹس بھجوانے کی تصدیق کی، تاہم انہوں نے ان نوٹسز کے مندرجات، ہرجانے کی رقم یا اپنے الزامات کی تفصیلات بیان نہیں کیں۔ چودھری سالک حسین کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب کے قانونی نوٹس کا جواب جمع کرانے اور مریم نواز و عظمیٰ بخاری کو جوابی قانونی نوٹس بھجوانے کے بعد دونوں جانب سے جاری قانونی تنازع میں مزید پیشرفت ہوئی ہے۔

صفحہ نمبر 10

میں جاری ترقیاتی منصوبوں، نئے اقدامات اور توانائی کے وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر کو مختلف منصوبوں کی پیش رفت، ان پر عملدرآمد کی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کے دوران ملک فیصل ایوب کھوکھر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ توانائی کے ضیاع کو روکنے اور جدید ٹیکنالوجی اور موثر حکمت عملی کے ذریعے بجلی کی بچت کو فروغ دینے کے لیے موثر اور عملی اقدامات کریں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری اداروں اور عمارتوں کے انرجی آڈٹ کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور بجلی کے غیر ضروری استعمال کو کم کرنے کے لیے قابل عمل سفارشات تیار کی جائیں۔ وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ توانائی کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور بجلی کی کھپت کو کم کرنے کے لیے آڈٹ کے نتائج کی بنیاد پر عملی سفارشات تیار کریں۔ انہوں نے واضح کیا کہ توانائی کے شعبے کے تمام منصوبوں میں شفافیت، معیار اور رفتار پر بات نہیں کی جا سکے گی اور تمام متعلقہ محکمے اور ادارے مقررہ مدت کے اندر اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ اجلاس میں گجر کالونی میں بائیو فیول ائر پلانٹ، ہائیڈرو کمپنیک ٹربائنز، ٹیوب ویلوں کی سولرائزیشن، اوکاڑہ ڈسٹرکٹ واٹر سپلائی سکیم اور ریموٹ مانیٹرنگ سسٹم سمیت کئی اہم اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ پنجاب اینڈورسمنٹ لیبل (UPSAVE) اور آٹومیشن آف بزنس ریگولیشنز کے منصوبوں پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی فری سولر پمپنگ سکیم صوبے بھر میں مکمل کر لی گئی ہے۔ صوبائی وزیر کو سرکاری ہائر سیکنڈری سکولوں، دانش سکولز، تحصیل ہیڈ کوارٹرز (ٹی ایچ کیو) اور دیگر سرکاری عمارتوں پر مشتمل سولرائزیشن کے منصوبوں کی پیش رفت کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ ضلعی اور سیشن عدالتوں میں توانائی کی بچت کے اقدامات اور سولرائزیشن کے اقدامات کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں لیسکو کے تحت عوامی رابطوں پر ایڈوائسز میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) اور میکسم ڈیمانڈ انڈیکیٹر (MDI) میٹرز کی تنصیب کا مزید جائزہ لیا گیا۔ پنجاب اپلائنسز پرفارمنس اینڈ انرجی ایکسی لینس (APEX) لیب کے قیام کے لیے مجوزہ نئے اقدام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، صوبائی وزیر نے اس منصوبے پر تفصیلی بریفنگ حاصل کی۔ انرجی آڈٹ کے حوالے سے اجلاس کو بتایا گیا کہ جنرل ہسپتال کا انرجی آڈٹ مکمل ہو چکا ہے جبکہ میو ہسپتال میں اس وقت آڈٹ کا عمل جاری ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پنجاب حکومت توانائی کے وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانے، بجلی کی بچت کو فروغ دینے اور توانائی کے متبادل حل کی حوصلہ افزائی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری عمارتوں اور پبلک سیکٹر کے اداروں کو سولرائز کرنے سے نہ صرف بجلی کے اخراجات کو کم کرنے میں مدد ملے گی بلکہ قومی وسائل کے زیادہ موثر استعمال کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔

صفحہ نمبر 11

جاری کر دیا۔ فیصلے میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے درخواست گزار کو ملکیت کے ثبوت 5 روز میں کنٹونمنٹ بورڈ کینٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کے پاس جمع کرانے کا حکم دے دیا۔ جسٹس ایاز شوکت نے 5 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کیا، عدالت نے سی ڈی اے کو ہدایت کی کہ ملکیتی دستاویزات موصول ہونے کے بعد تحریری وجوہات کے ساتھ فیصلہ کیا جائے۔ عدالت نے قرار دیا کہ اگر درخواست گزار ملکیت کے ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا تو سی ڈی اے قانون کے مطابق کارروائی کرے۔ حکم امتناع سے متعلق سابقہ عدالتی حکم بھی اسی فیصلے میں شامل کر دیا گیا ہے۔

صفحہ نمبر 12

نسل کو برداشت، احترام اور محبت کے اصول سکھائیں۔ بڑھتی ہوئی انتہا پسندی اور پرتشدد تنازعات کے اس دور میں رواداری اور برداشت کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔ رواداری اختیار کریں اور برداشت کے راستے پر چلیں۔ ہمیں معاشرے کو پرامن رکھنے کیلئے رواداری کی راہ پر چلنا